’’اللہ کے حدود پر قائم رہنے والوں اور ان کی خلاف ورزی کرنے والوں کی مثال ایسے لوگوں کی سی ہے جنہوں نے ایک کشتی میں جگہ کی تعیین کے لیے قرعے اندازی کی، جس کے نتیجے میں کچھ لوگوں نے کشتی کے اوپر والے حصے میں اور کچھ لوگوں نے نیچے والے حصے میں جگہ حاصل کی

نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : ’’اللہ کے حدود پر قائم رہنے والوں اور ان کی خلاف ورزی کرنے والوں کی مثال ایسے لوگوں کی سی ہے جنہوں نے ایک کشتی میں جگہ کی تعیین کے لیے قرعے اندازی کی، جس کے نتیجے میں کچھ لوگوں نے کشتی کے اوپر والے حصے میں اور کچھ لوگوں نے نیچے والے حصے میں جگہ حاصل کی، جو لوگ نیچے والے حصے میں تھے، انہیں پانی لینے کے لیے اوپر والوں کے پاس سے گزرنا پڑتا لہذا انہوں نے سوچا کے کیوں نہ ہم اپنے ہی حصے میں ایک سوراخ کر لیں، تاکے اوپر والوں کو ہم کوئی تکلیف نہ دیں ۔ اب اگر اوپر والے نیچے والوں کو من مانی کرنے دیں گے، تو سب کے سب ہلاک ہو جائیں گے اور اگر اوپر والے نیچے والوں کا ہاتھ پکڑلیں گے (اور انہیں ایسا نہیں کرنے دیں گے) تو یے خود بھی بچ جائیں گے اور باقی لوگ بھی بچ جائیں گے"۔

[صحيح] [رواه البخاري]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے اللہ کے حدود پر قائم رہنے والوں، اس کے احکامات کی تعمیل کرنے والوں، بھلائی کا حکم دینے والوں اور برائی سے روکنے والوں کی ایک عمدہ مثال پیش کی ہے اور اللہ کی حدود کی خلاف ورزی کرنے والوں، بھلائی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے سے گریز کرنے والوں اور غلط کام کرنے والوں اور سماج کی نجات پر مرتب ہونے والے اس کے اثرات کی مثال ایک ایسی قوم سے پیش کی جو کشتی پر سوار ہوئے اور اس بات کے لیے قرعے اندازی کی کے کون کشتی کے بالائی حصے میں سوار ہوگا اور کون زیریں حصے میں چنانچے کچھ لوگوں کے حصے میں بالائی حصے آیا اور کچھ لوگوں کے حصے میں زیریں حصے (چوں کے پانی کا انتظام بالائی حصے میں تھا، اس لیے) زیریں حصے والوں کو پانی حاصل کرنے کے لیے بالائی حصے والوں سے ہوکر گزرنا پڑتا تھا ایسے میں زیریں حصے والوں نے سوچا کے اگر پانی حاصل کرنے کے لیے زیریں حصے میں ایک سوراخ کر لیں، تو بہتر ہو اس طرح ہم بالائی حصے والوں کو تکلیف میں ڈالنے سے بچ سکتے ہیں اس طرح کے حالات میں بالائی حصے والوں نے اگر زیریں حصے والوں کا ہاتھ نے پکڑا اور ان کو سوراخ کرنے سے نے روکا، تو کشتی ڈوب جائے گی اور سارے لوگ ہلاک ہو جائیں گے جب کے اگر ان کا ہاتھ پکڑ لیا، تو سارے لوگ بچ جائیں گے


لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC
E-Da'wah Committee


النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY